معیاری علمی و ادبی مجلّہ کتابی سلسلہ نمبر ۵

سہ ماہی

منطوق

پاکستان

چکوال

جنوری تا مارچ ۲۰۱۲ء

مدیرِ اعلیٰ: ناصر ساقی

قلم قلم اجالا

اس عنوان سے قارئین کے ادبی ذوق کی جلا کیلئے ہم نے ایک مستقل سلسلہ شروع کیا ہے اس کالم میں علاقہ کے شعراء کا تعارف ان کے اپنے کلام کے حوالے سے پیش کریں گے۔ تا کہ ہمارے علاقے کا شعری ادب منظر عام پر آسکے شعراء حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنا منتخب کلام جو کم از کم پانچ غزلیات یا نظموں پر مشتمل ہو اپنے مختصر تعارف اور تازہ ترین تصویر کے ساتھ درج ذیل پتہ پر ارسال کریں۔

منطوق مدیر اعلیٰ ناصر ساقی مین بازار مرید تحصیل وضلع چکوال

فون نمبر..... 0321-5477765

واحد محمود واحد

واحد محمود واحدؔ ضلع چکوال کے نواحی گاوں ڈھاب پڑی میں 1981ء میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اپنے آبائی گاوں ڈھاب پڑی سے، مڈل ڈھاب کلاں سکول اور میٹرک گورنمنٹ ہائی سکول چکوال سے کیا جبکہ ایف ایس سی گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج چکوال سے کرنے کے بعد ایک سرکاری ادارے میں ملازمت اختیار کر لی ملازمت کے ساتھ تعلیمی سلسلہ جاری رکھا اور گریجویشن کے بعد آج بھی ماسٹر کے لئے کوشاں ہیں آپ کے خاندان یا گاوں، بلکہ علاقے سے کسی بھی شخصیت کا ادبی حوالہ نہیں ملتا مگر واحد محمود واحدؔ کا جھکاو شروع سے ہی علم وادب کی طرف رہا جو ابھی تک برقرار ہے واحد محمود واحدؔ نے 1998ء اپنے ادبی سفر کا آغاز کیا آپ نے ہمہ وقت، شاعری۔ کالم نگاری، مضمون نگاری اور ادب کی دوسری اصناف میں طبع آزمائی کی آپ کی تحریریں چکوال کے نامور اخبارات و رسائل کے علاوہ ملک بھر کے بے شمار اخبارات و رسائل میں چھپتی رہیں ہیں جن میں چکوال سے شائع ہونے والے چکوال پوائنٹ، آثار، پریس فورم، عکس چکوال، دھن کہون، مائیرز، رنگ و بو، آبادیات وغیرہ اور قومی سطح پر نوائے وقت، اوصاف، اساس، پاکستان، آداب عرض، پھول، تعلیم و تربیت، اخبار جہاں، شاعری وغیرہ جیسے معتبر اخبارات و رسائل شامل ہیں آپ کی مشہور پنجابی نظم ''گلشن ڈھاب'' پر 2008ء میں آپ کو نگہبان ایوارڈ سے بھی نوازا گیا تاہم ادبی سرگرمیوں میں مختلف تقریبات میں تعریفی اسناد اور شیلڈز سے بھی نوازا گیا واحد محمود واحدؔ کے کلام اور تحریروں کو کئی ایک قومی سطح پر شائع ہونے والی کتابوں میں بھی شامل کیا گیا جن میں سے چند ایک کا ذکر درج ذیل ہے

نعتیہ مجموعہ۔ نبی ﷺ کا قصیدہ (2010)

تمھاری یاد کا موسم (غزلیات) (2011)

پنجابی ادب وچ چکوال دا حصہ (نظم) (2009)

ثناءِ سبط رسول ﷺ (منقبت) (2010)

تذکرہ ءِ اولیاءِ چکوال (حیات حیدر شاہ) (2012)

واحد محمود واحدؔ پچھلے سات برس سے ایک سرکاری ادارے میں شعبہ تعلقات عامہ میں بحیثیت ''پبلک ریلیشنز آفیسر'' کے عہدہ پر اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں ان کے کلام سے قارئین کے لئے منتخب کلام پیش کیا جا رہا ہے

نعت رسول ﷺ

دکھا موسم میرے مولا کوئے سرکار کا مجھ کو
نظارہ اک میرے غم خار کے دربار کا مجھ کو
اٹھا دو اب حُبِ دِہراں دل نادان سے آقا
کہ ضائع کر نہ دے یونہی الم سنسار کا مجھ کو
ہزاروں خوش نما لمحوں میں لگتا جی نہیں اپنا
طبیب جاں بتا چارہ دل بیمار کا مجھ کو
تڑپ دل کی بڑھی حد سے نگاہ سکتے میں ٹھہری ہے
کہ ہو جلوہ عطا آقا رخ انوار کا مجھ کو
کٹھن رستے کٹیں کیسے شب تاریک میں واحدؔ
کھائے جا رہا ہے غم راہِ پر خار کا مجھ کو

غزل

ہماری تو یہ خواہش تھی کہ دل سے دل ملے رہتے
ابھی لازم تھا اے ہمدم ہمارے سلسلے رہتے
جو ہونا تھا وہ ہو جاتا تمہارا ساتھ رہتا تو
امیدوں کے بھروسے پر دیئے کچھ تو جلے رہتے
جدائی گر مقدر تھی دعاوں سے بدل دیتے
جو تم وعدہ وفا کرتے ہمیں کچھ حوصلے رہتے
میں گردابِ نصیباں سے الجھ کر بھی ضرور آتا
چاہے درپیش کتنے ہی فنا کے مرحلے رہتے
پرستش سی محبت سے تو بہتر تھا کہ یوں ہوتا
ہمیں تم شکایت کچھ تمہیں ہم سے گلے رہتے
بدل سکتے اگر واحدؔ بدل کو روپ سورج کا
اکیلے پن کی راتوں میں ترے در پر ڈھلے رہتے

غزل

مقدروں کے فیصلوں پہ وسوسوں کو جگہ نہ دو
یہ جو ہم میں تم میں ہیں فاصلے ان الجھنوں کو ہوا نہ دو
انا کے مسلک میں خود پرستی محبتوں میں روا نہیں
دل میں رکھ کے رنجشیں ہمیں اس قدر تو سزا نہ دو
خوش فہمیاں ہی سہی مگر ہوں قربتوں کے حصار میں
خواہشوں کے دشت میں کچھ دیر ہم کو صدا نہ دو
وہی سوچتا ہوں حادثہ بڑا تلخ سا میرے ہم سفر
اس بار بھی کہیں عرش سے ہمیں پستیوں میں گرا نہ دو
میرے دل پہ چھائے ہر الم سے کہہ رہیں ہیں ترتبیں
حسین خوابوں کے اس جہاں میں حقیقتیں بھلا نہ دو
واحدؔ کی ہے اوقات کیا جو کریں کرم تو ہے آرزو
کسی شام کے دو چار پل چاہے کچھ بھی اس کے سوا نہ دو

نبی ﷺ کا قصیدہ

مرتبین

فوزیہ مغل

ارشد محمود ارشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قصیدہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قصیدہ

فوزیہ مغل

ارشد محمود ارشد

مغل پبلشنگ ہاؤس لاہور

آپؐ آئے ہیں تو گلشن میں بہار آئی ہے
آپؐ کے دم سے زمانے نے ضیاء پائی ہے

ہم فقیروں کو ہے سلطانوں پہ سبقت حاصل
ہم نے دربارِ محمدؐ کی گدا کھائی ہے

اس میں موجود تھی باغِ ارم کی خوشبو
ہو کے روضے سے میرے گھر میں ہوا آئی ہے

میں اسی ذات کے آگے ہوں عطا کا طالب
میری سرکار کی چوکھٹ پہ ہی شنوائی ہے

ساری آنکھیں ہیں اسی چشم پہ نازاں واحدؔ
جن کو محبوب کی دہلیز نظر آئی ہے

واحد محمود واحد۔ چکوال

پنجابی ادب وِچ چکوال دا حصّہ

(پنجابی ادبی تاریخ ضلع چکوال)



کھوجی تے لکھیار:

عابد منہاس

کشمیر پبلی کیشنز تلہ گنگ روڈ چکوال

پنجابی ادب وچ چکوال دا حصہ

(پنجابی ادبی تاریخ ضلع چکوال)

---- تحقیق تے تحریر ----

عابد منہاسؔ

---- پیشکش ----

پنجابی ادبی سنگت چکوال

---- ناشر ----

کشمیر پبلی کیشنز، تلہ گنگ روڈ چکوال

فون نمبر: 0543-551148

انتساب

حضرت شاہ مرادؒ تے پیلو

دے

نال

نال

چکوال دے ہر اوس لکھاری دے ناں، جنے

پنجابی دا ہک حرف وی لکھیا

(عابد منہاس)



واحد محمود واحدؔ (پ: 8 جنوری 1981ء)

پوراناں واحد محمود تے تخلص واحدؔ اے۔ ایہہ ڈھاب پڑی وچ محمد عدالت خان دے گھر جمے۔ مڈھلی تعلیم گراں دے سکول چوں لئی تے بی اے اوپن یونیورسٹی اسلام آباد توں پاس کیتا۔ واپڈا وچ سروس کردے نیں۔ پنجابی تے اردو دے شاعر نیں تے ہک مجموعہ ''مرۃ الحق'' ترتیب دے رہئے نیں۔ نعتاں، نظماں تے غزلاں لکھدے نیں۔ ہک نظم دا ہک بند ویکھو۔

گلشن ڈھاب۔ (نظم)

بیریں دی ٹھنڈی چھاں ماہیا — مینڈا وسدا ڈھاب گراں ماہیا
اگ بلدی لال و لال ہووے — روشن ڈھاب خوشحال ہووے
آکھڑیاں ویکھ بہاراں نوں — ست رنگی ڈھاب لوہاراں نوں
شاہواں دی جتھے نظر اڑی — حیدرؒ دی نگری ڈھاب پڑی
کل عالم دے وچ ناں ماہیا — مینڈی وڈی ڈھاب کلاں ماہیا

عابد منہاس ادبی خدمات پر وفاقی وزیر ڈاکٹر شیر افگن نیازی سے گولڈ میڈل لیتے ہوئے (19 فروری 1996ء)